Education - 10th Class Education Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. مدرسہ کے ماحول کی اقسام کون سی ہیں.

Ans 1: 1- مدرسہ کا اندرونی ماحول 2- مدرسہ کا بیرونی ماحول

Q2. تعلیم کا قدیم تصور میں استاد کی زمہ داریاں کیا ہیں.

Ans 1: تعلیم کے قدیم مفہوم کے مطابق استاد کا کام یہ تھا کہ وہ طلبا کو چند کتابوں کو پڑھائے اور معلومات دے.

Q3. بوائے سکاؤٹ اور گرل گائیڈ بننے سے کون سی خوبیاں پیدا ہوتی ہیں.

Ans 1: بوائے سکاؤٹ اور گرل گائیڈ بننے سے دوسروں کی خدمت کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے. ان میں حکم ماننے اور لیڈر بننے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے.

Q4. بزم ادب میں کون کون سے پروگرام ہونے چاہیں.

Ans 1: بزم ادب کے پروگرام میں عام طور پر تلاوت، نعت، لطائف، ملی نغمے، تقاریر، بیت بازی اور بحث ومباحثے کے پروگرام ہونے چاہیں.

Q5. ہم نصابی سرگرمیاں کیوں ضروری ہیں.

Ans 1: طلبہ کی شخصیت کی بھر پور نشوونما اور ہمہ جہت ترقی کے لیے ہم نصابی سرگرمیاں بہت ضروری ہیں.

Q6. کلب اور سوسائیٹیوں طلبہ کو کیا فائدہ پہنچاتی ہیں.

Ans 1: کلب اور سوسائیٹیوں طلبہ میں بہت سے جذبات اور صلاحیتوں کو مثبت انداز میں پروان چڑھانے کا سبب بنتی ہیں.

Q7. نصابی سرگرمیوں کے بارے میں کوئی سے چار نکات تحریر کریں.

Ans 1: 1- نصابی سرگرمیوں کے تحت طالب علم صرف تعلیمی پہلوؤں کو اجاگر کرتا ہے. 2- نصابی سرگرمیوں کے لیے وقت کم اور محدود ہوتا ہے. 3- نصابی سرگرمیوں میں اساتذہ کرام سارا زور مجوزہ نصاب پر لگاتے ہیں. 4- نسآبی سرگرمیوں کا تعلق صرف اس مجوز نصاب سے ہوت اہے جو کمرہ جماعت کے اندر پڑھایا جاتا ہے.

Q8. بچے اپنے جذبات کو کنٹرول کرنا کس طرح سیکھتے ہیں.

Ans 1: ہم نصابی سرگرمیوں کے زریعے طلبہ اپنے جذبات کو کنٹرول کرنا سیکھتے ہیں. اور اپنے اندر یہ صلاحیت پیدا کرلیتے ہیں کہ وہ جذباتی ردعمل سے فوری طورء پر پرہیز کریں.

Q9. مدرسے کے اندرونی ماحول کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: مدرسہ کے اندرونی ماحول میں درسہ کی عمارت ، مدرسہ کی سہولیات ، مدرسہ میں موجود انسانی وسائل ، مدرسہ میں موجود سازو وسامان اور طلبا کی نشوونما کی سطح شامل ہیں.

Q10. کھیل کود، جسمانی ورزش اور اتھلیٹکس کی چند مثالیں دیں.

Ans 1: ہاکی، کرکٹ ، فٹ بال، کبڈی اور دوڑ وغیرہ